حسین صبر و وفاء کے پیکر

حسین صبر و وفاء کے پیکر — حسین جیسا کوئي نہیں ھے
رگوں میں جسکي ھے خونِ حیدر — حسین جیسا کوئي نہیں ھے

نبي سے پوچھو علي سے پوچھو — جو پوچھنا ھو خدا سے پوچھو
حسین کي شان سب سے اعلیٰ — یہ اِسکي ماں فاطمة سے پوچھو
حسین سے نہ کوئي ھے بڑھکر — حسین جیسا کوئي نہیں ھے

ابھي تو مولیٰ کا بچپنا ھے — ابھي سے نظروں میں کربلاء ھے
ابھي سے ھونٹوں پہ تشنگي ھے — نبي سے وعدہ بھي کر لیا ھے
یہ دیں کي خاطر کٹائینگے سر — حسین جیسا کوئي نہیں ھے

نبي کے دلبند کي مصیبة — حسین پر جو پڑي ھے محنة
پڑے تو ھو طور ٹکڑے ٹکڑے — حسین کي شان اور ھے طاقة
دِکھائے کوئي الم یوں سھکر — حسین جیسا کوئي نہیں ھے

جري کے قبضے میں تھي ترائي — حسین کي پیاس یاد آئي
کٹائے بازو بچي نہ مشکي — حسین نے گرتے دیکھا بھائي
کمر ھے ٹوٹي ھے آنکھ بھي تر — حسین جیسا کوئي نہیں ھے

كوئي مددگار اب نهيں هے   ضعيف و تنها پدر كهڑا هے
جوان لختِ جگر كا لاشه   حسين كے سامنے پڑا هے
قدم قدم پر لگي هے ٹهوكر   حسين جيسا كوئي نهيں هے

حسين حجة تمام كرنے   بلند هاتهوں په كركے بولے
كوئي هے اولاد والا تم ميں   تو ميرے اصغر كا حال ديكهے
جو پاني دے بخش دے يه كوثر   حسين جيسا كوئي نهيں هے

سوار دوشِ رسولِ اعظم   بنا هے جسكے لیئے يه عالم
وه بے وطن دشتِ كربلاء ميں   گرے هے جلتي زميں په بے دم
هے چهلني زخموں سے جسمِ اطهر   حسين جيسا كوئي نهيں هے

فلك په غم كي لهر اُٹهي هے   زمينِ كربل لرز رهي هے
حسين اور خنجرِ ستمگر   يه ديكه زينب تڑپ رهي هے
دعاء لبوں په قفاء په خنجر   حسين جيسا كوئي نهيں هے

فلك الحسين بِكربلاء كا   هر ايك لب په يهي هے نوحه
عطاءِ برهان دين آقا   به روزِ محشر هے اپنا توشه
هر اك سطر غم سے بولے روكر   حسين جيسا كوئي نهيں هے

حسین تجُھ سے یہ التجاء ھے ہمارے مأتم میں یہ صداء ھے
بقاءِ برھانِ دین مولیٰ سوی نہ اِسکے کوئي دعاء ھے
سُنینگے عابد یہ ابنِ حیدر حسین جیسا کوئي نہیں ھے

✱✱✱✱✱

هر کام کے همراه تیرا نام هے باقي
جِس طرح هر ایك صبح کي هر ایك شام هے باقي
عبّاس تیرے نام سے اِسلام هے باقي
ایمان کي دهڑکن کا طلبگار علمدار

جو مانگنا هے مؤمنو عبّاس سے مانگو
مِنّت کي سواري لیئے دربار میں پهنچو
پُوري اگر هوني هے تو آؤ اے مُرادو
مَظلُوم و سیلے کي هے سرکار علمدار

اب کرب وبلا جانا هے عبّاس بُلاؤ
تقدیر کے مارون کو ذرا راه دِکهاؤ
دو گز زمین خاك شفاء میں تو مِلا دو
کر دیجئے شمشیر کو سر شار علمدار

*****